اردو ترجمہ

دُرِّ مختار

الموسوم بہ

غایۃ الاوطار

جلد دوم

ایچ ایم سعید کمپنی
ادب منزل
پاکستان چوک کراچی

باسمہٖ تعالیٰ

فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

اہلِ علم و دانش سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں

الحمد للہ والمنۃ مسلک امام اعظم ابو حنیفہ اور فتاویٰ حنفیہ پر مشتمل

اُردو ترجمہ

دُرِّ المُختار

الموسوم بہ

غایۃ الاوطار

جلد دُوم

مترجمہ مولانا خرم علی و مولانا محمد احسن صدیقی نانوتوی رحمہما اللہ تعالیٰ

دُرِّ المختار اور اس کی مبسوط شرح فتاوی شامی یعنی ردّ المحتار کا مکمل اردو ترجمہ علماء کی
ضروری تشریحات و توضیحات پر مشتمل خزینہ اور علماء کرام، مفتیانِ عظام اور خواص و عوام کیلئے
ایک قیمتی سرمایہ

☆

ناشر

سعید ایچ ایم کمپنی ادب منزل پاکستان چوک کراچی

نام کتاب ——— غایۃ الاوطار

جلد ——— دوم

مترجم ——— مولانا خرم علی و مولانا احسن صدیقی

طابع ——— حاجی محمد زکی عفی عنہ

مطبع ——— ایجوکیشنل پریس کراچی

ضخامت ——— ۷۱۴ صفحات

تعداد ——— چھ سو

سنہ طباعت ——— ۱۳۹۸ھ

بار دوم ——— ۱۴۰۶ھ

ناشر

ایچ۔ ایم۔ سعید کمپنی

ادب منزل۔ پاکستان چوک

کراچی

کرنا سب جہاد میں داخل ہے چنانچہ اس کی تصریح احادیث میں مذکور ہے ومن توابعہ الرباط وہو الاقامۃ فی مکان لیس ورائہ اسلام ہو المختار اور جہاد کے توابع اور ملحقات سے رباط ہے اور وہ عبارت ہے ایسے مکان کی اقامت سے جس کے آگے اسلام نہ ہو یہی قول مختار ہے یعنی سرحد دارالاسلام میں مجاہدین کا اس واسطے ٹھہرنا تاکہ کفار دارالاسلام میں داخل نہ ہوسکیں اور اہل اسلام کو ضرر نہ پہنچادیں اس کو رباط کہتے ہیں اس واسطے کہ اگر سرحد کے اندر رباط ہو تو جمیع اہل اسلام اپنے گھروں میں مرابط ٹھہریں حالانکہ ایسا نہیں اور بعضوں نے کہا کہ جس موضع میں ایک بار کفار نے غارتگری کی وہ چالیس برس تک رباط ہوگیا اور جہاں دو بار غارتگری ہوئی وہ ایک سو بیس [120] برس تک رباط ہوا اور جہاں تین بار غارتگری ہوئی وہ تاقیامت رباط ہے کذا فی فتح القدیر وصح ان صلوۃ المرابط بخمسمائۃ ودرہمہ بسبع مائۃ وان مات فیہ اجری علیہ عملہ ورزقہ وامن الفتان وبعث شہیدا آمنا من الفزع الاکبر وتمامہ فی الفتح اور بحدیث صحیح ثابت ہوا ہے کہ مرابط یعنی رباط کے ٹھہرنے والے کی نماز پانچ سو [۵۰۰] نماز کے برابر ہے اور ایک درم اس کا سات سو درم کے صرف کرنے سے افضل ہے اور صحیح مسلم میں سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ جو رباط میں مرگیا اس کا عمل جو کرتا تھا قیامت تک جاری رہے گا اور روزی اس کی جاری رہے گی اور فتنہ منکر اور نکیر وغیرہما سے محفوظ رہے گا اور طبرانی میں حدیث مرفوع ہے کہ جو مرابط میں مرے گا روز قیامت کے شہید مبعوث ہوگا اور فزع اکبر یعنی بڑی دہشت اور ہول سے قیامت میں محفوظ اٹھے گا اور پورا بیان اس کا فتح القدیر میں ہے چنانچہ مترجم نے فتح القدیر سے پورا نقل کردیا **ف** حدیث میں وارد ہے کہ جب ابن آدم مرتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہوجاتا ہے لیکن احادیث سے ثابت ہوا ہے کہ تیرہ [۱۳] عملوں کا ثواب موت کے بعد بھی جاری رہتا ہے (۱) نشر علوم یعنی علوم دینی کی تعلیم کرنا یا علم دین کی کتاب تالیف کرنا یا کتاب دینی کا ترجمہ کرنا یہ سب نشر علوم میں داخل ہے (۲) دعائے اولاد (۳) کھجور وغیرہ کے درخت کا جمانا (۴) صدقات جاریہ مانند وقف وغیرہ (۵) قرآن مجید کو وارثوں کے واسطے چھوڑ جانا (۶) سرحد اسلام کی چوکیداری (۷) کنواں بنانا (۸) نہر جاری کرنا (۹) مسافرخانہ بنانا (۱۰) محل ذکر بنانا مثل مسجد اور خانقاہ اور مدرسہ دینی کے (۱۱) تعلیم قرآن مجید (۱۲) شہادت (۱۳) طریقہ نیک نکالنا جو لوگوں میں رائج ہو کذا فی الطحطاوی م فضیلت جہاد کی نہایت عظیم الشان ہے اور کیوں کر نہ ہو کہ عزیز ترین محبوبات پر سخت ترین تکالیف اور مشقات کا ڈالنا ہے یعنی جان نثاری اللہ سبحانہ کی رضامندی اور تقرب کے واسطے اور اس سے زیادہ تر شاق نفس کو گھیر رکھنا ہے طاعات پر نشاط اور کاہلی میں علی الدوام اور نفسانی خواہشوں سے صاف کنارہ کرنا لہذا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کسی جنگ سے معاودت فرمائی کہ رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر پھرے ہم جہاد اصغر سے جہاد اکبر کی طرف چنانچہ صحیح بخاری کی حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہا ابن مسعود نے یا رسول اللہ اعمال سے کون عمل افضل ہے فرمایا نماز کو اس کے وقت پر پڑھنا میں نے کہا پھر کون افضل ہے فرمایا کہ ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنا میں نے کہا پھر کون افضل ہے فرمایا فی سبیل اللہ جہاد کرنا اس حدیث میں نماز کے بعد جہاد کی فضیلت فرمائی اور ابوہریرہؓ کی متفق علیہ حدیث میں جہاد کو بعد ایمان کے افضل فرمایا ہے ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال ہوا کہ کون عمل افضل ہے فرمایا کہ اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ ایمان لانا سوال ہوا کہ اس کے بعد کون افضل ہے فرمایا جہاد فی سبیل اللہ سوال ہوا کہ پھر کون افضل ہے فرمایا حج مقبول تو اس حدیث میں صلوۃ اور زکوۃ ایمان کے لفظ میں داخل ہیں بطریق عموم مجاز کے تو دونوں حدیثوں میں کچھ معارضہ باقی نہ رہا اس واسطے کہ اس میں کچھ تردد کا مقام نہیں کہ صلوۃ خمسہ پر مواظبت کرنا ان کے اوقات مستحبہ میں افضل ہے جہاد سے اس واسطے کہ نماز فرض عین ہے اور بار بار واجب ہوتی ہے بخلاف جہاد کے اور اس واسطے کہ جہاد فرض نہیں ہوا مگر شیوع ایمان اور اقامت صلوۃ کے واسطے تو مقصود بالغیر اور حسن لغیرہ ہوا بخلاف ایمان اور نماز کے کہ وہ مقصود بالذات اور حسن لعینہما ہیں چنانچہ جامع ترمذی کی حدیث صحیح میں صاف مصرح ہے کہ رسول اللہ صلی